اسلامی تعلیمات پہنچا رہے ہیں۔ نماز نمبر اسلام کی اہم بنیادی عبادت سے متعلق ہے۔ اس نمبر میں ٹھوس معلومات بھی ہیں اور لطیف نگارشات بھی۔ زبان سادہ اور آسان ہے۔ یہ نمبر ڈائجسٹ سائز پر نکالا گیا ہے۔ نماز کی افادیت کو صحت اور عقل کے نقطۂ نظر سے بھی واضح کیا گیا ہے۔ کلماتِ نماز، مسائلِ نماز، طریقِ ادائیگی اور خشوع و خضوع کے متعلق بہت سی مفید باتیں اس نمبر میں جمع ہیں۔

دھیمی رفتار سے چلتی ہوئی تحریک نماز کو اس طرح کے خاص نمبروں اور ایسی کتابوں سے تقویت مل سکتی ہے۔

ہمارے فرائض اور ہمارے حقوق مؤلف: حافظ نذر احمد۔ پرنسپل شبلی کالج لاہور۔ ناشر: اسلامی اکادمی اردو بازار، لاہور و مسلم اکادمی، محمد نگر، لاہور۔ صفحات: ۳۳۶۔ خوبصورت جلد۔ قیمت: ۳۳/- روپے

ہر حق سے ایک فرض پیدا ہوتا ہے اور ہر فرض کے مقابلے میں کوئی نہ کوئی حق ہوتا ہے۔ حقوق و فرائض کے صحیح توازن ہی سے اسلامی زندگی تشکیل پاتی ہے۔ آج ہر طبقہ اور ہر فرد اپنے حقوق کا طلب گار نظر آتا ہے، مگر کسی کو اپنے فرائض کی طرف توجہ نہیں ہے۔ اسلام میں فرائض اولیت رکھتے ہیں۔ یعنی اپنا فرض تو بہر حال آپ کو پورا کرنا ہے، اس کے ساتھ اپنا حق حاصل کرنے کی بھی تگ و دو کیجیے، لیکن اگر حق نہ بھی ملے تو بھی فرض ادا کرنا ضروری ہے۔

پورا اسلام نام ہی حقوق و فرائض کی تعلیم کا ہے۔ اس حقیقت کی وضاحت اس کتاب سے ہوتی ہے مؤلف نے زندگی کے ہر شعبے اور ہر منصب کے متعلق حقوق و فرائض کو کتاب و سنّت کے دلائل سے واضح کیا ہے۔ خدا، رسولؐ اور قرآن کے علاوہ علماء، اہلِ کتاب، سائل، میت، ماں باپ، اولاد، زوجین، استاد شاگرد، مقرر اور خطیب، بیمار اور تیماردار اور تاجر و گاہک، حتیٰ کہ جانوروں تک کے حقوق بیان کیے گئے ہیں۔ ساتھ ہی اہلِ فرض کے فرائض بھی۔ ریاست اور قیادت اور دو لمحہ کے حقوق و فرائض بیان کر کے مرتب نے اس کتاب میں اہم اوراق کا اضافہ کیا ہے۔

خدا حاضر ناظر ہے یا رسولِ خدا؟ مؤلف و ناشر: چوہدری محمد سرفراز خاں۔

پتہ: موضع کالرہ کلاں۔ ضلع گجرات۔ ص ۴۲۔ قیمت: ۵/- روپے